# 106560 ـ احرام کی حالت میں ماسك پہننا

**سوال**

کیا محرم شخص کے لیے احرام کی حالت میں ماسك پہننا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ضرورت کی بنا پر محرم شخص کے لیے ماسك پہننے میں کوئی حرج نہیں، مثلا کسی انسان کو ناك کی الرجی ہو اور وہ ماسك کا محتاج ہو تو وہ حالت احرام میں ماسك استعمال کر سکتا ہے، یا پھر بہت زیادہ کثیف دھواں گزر رہا ہو اور یہاں ماسك کی ضرورت ہو تو بھی استعمال کیا جا سکتا ہے یا پھر کہیں سے گزرے تو بدبو آ رہی ہو اور ماسك کی ضرورت پیش ہو تو اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں " انتہی.

مجموع فتاوی ابن عثیمین ( 22 / 130 ـ 131 ).